# 1193 - بوڑھے شخص کے عاجز ہونے کی بنا پر زیرناف بال مونڈنے کا حکم

## سوال

جب میرے والد زیادہ بوڑھے ہوگئے اور اپنی صفائی کا بھی خیال نہ رکھ سکتے تھے تو میں ان کی مونچھیں اور زیرناف بال صاف کیا کرتا تھا لیکن ایسا کرنے سے بغیر کسی قصد اور ارادہ سے میری نظر ان کی شرمگاہ پر بھی پڑھ جاتی تھی، تو کیا ایسا کرنے سے میں گنہگار تو نہیں ہوا، میں نے سنا ہے کہ اپنے والدین کی شرمگاہ دیکھنے والا شخص دو ماہ کے روزے رکھے، آیا یہ کلام صحیح ہے، یا نہیں ؟

## پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

جب آپ کے والد خود بال اتارنے کی استطاعت نہیں رکھتے تو آپ کے لیے اپنے والد کے زیرناف بال اتارنے میں کوئی حرج نہیں، اور آپ نے دو ماہ کے روزوں کے متعلق جو کچھ سنا ہے وہ صحیح نہیں ہے.